مشقی سوالات

سوال 1- درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(الف) ایمان سے کیا مراد ہے؟ اللہ تعالیٰ پر ایمان کا کیا مطلب ہے؟

جواب۔ <u>ایمان</u>

ایمان سے مراد ہے مان لینا، دل سے تسلیم کر لینا یعنی حق کو حقیقت مان کر اس پر یقین کر لینا

اللہ پر ایمان کا مطلب

اللہ تعالیٰ پر ایمان کا مطلب ہے کہ اللہ ایک ہے، وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ وہ زمین و آسمان، چاند، سورج، ستارے اور سیارے وغیرہ کو پیدا کرنے والا ہے اور کائنات میں موجود ہر شے کا مالک ہے۔ وہی سب کو رزق دینے والا اور وہی سب کو پالنے والا ہے۔ کائنات کی کوئی شے اس سے پوشیدہ نہیں۔ اس کے پاس زندگی اور موت کا اختیار ہے۔ وہ ہر عیب سے پاک ہے۔ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے۔ کوئی اس کی برابری کرنے والا نہیں۔ کائنات کی ہر شے اس کے حکم کی پابند ہے۔

(ب) توحید کے لغوی معنی کیا ہیں؟

جواب۔ توحید کے معنی ہیں اللہ کو واحد، یکتا اور ایک ماننا اور ایک جاننا اور اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات میں کسی غیر کو شریک نہ کرنا۔

(ج) عقیدہ توحید سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ عقیدہ توحید

عقیدہ توحید سے مراد یہ ہے کہ اس بات پر یقین رکھنا کہ خالق اور مالک اللہ تعالیٰ ہے۔ وہ ہمیشہ سے موجود ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ وہ یکتا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ تمام مخلوق اس کی پیدا کردہ ہے۔ وہ کسی کا محتاج نہیں ہے۔ اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے۔

(د) عقیدہ توحید کی وجہ سے انسان میں کون کون سی صفات پیدا ہوتی ہیں؟

جواب۔ عقیدہ توحید کی وجہ سے مسلمانوں کے اندر جرأت، بہادری، صبر، توکل اور یقین جیسی صفات پیدا ہوتی ہیں۔ عقیدہ توحید کے ماننے والوں میں اتحاد، مساوات اور اخوت جیسی خوبیاں بھی پیدا ہوتی ہیں۔

سوال 2- درست جواب منتخب کر کے جملے مکمل کریں۔

(الف) ایمان کا مطلب .... ہے۔

(الف) یقین کر لینا (✓) (ب) سمجھ لینا (ج) معلوم کر لینا

(ب) حضرت محمد ﷺ کے .... رسول اور نبی ہیں۔

(الف) پہلے (ب) دوسرے (ج) آخری (✓)

(ج) اللہ تعالیٰ کے احکامات پر پختہ .... کا نام ایمان ہے۔

(الف) سوچ (ب) یقین (✓) (ج) خیال

(د) زندگی اور موت کا .... اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔

(الف) اختیار (✓) (ب) عمل (ج) ارادہ

(ہ) توحید کا مطلب اللہ تعالیٰ کو ایک ماننا اور ایک .... ہے۔

(الف) سوچنا (ب) کہنا (ج) جاننا (✓)

سوال 3- خالی جگہ پر کریں۔

(الف) ہر مسلمان کا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے۔

(ب) اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے۔

(ج) حضرت محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری رسول ہیں۔

(د) کائنات کی ہر چیز اللہ تعالیٰ کے حکم کی پابند ہے۔

(ہ) توحید پر یقین ایمان کی بنیاد ہے۔

(و) اللہ تعالیٰ کی ذات یکتا ہے۔

(ز) ہمیں ہر حال میں اللہ تعالیٰ سے مدد مانگنی چاہیے۔

================================

www.download

(ح) توحید سے مراد اللہ تعالیٰ کی ذات میں کسی کو شریک نہ کرنا ہے۔

(ط) اللہ تعالیٰ کی ذات ساری دنیا کا نظام چلا رہی ہے۔

(ی) ہماری زندگی اور موت اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔

کالم الف	کالم ب
الف۔ ہر مسلمان کا ایمان ہے کہ	اللہ تعالیٰ ایک ہے۔
ب۔ ہماری زندگی اور موت	اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔
ج۔ اللہ تعالیٰ پر ایمان کا مطلب یہ ہے کہ	کوئی اس کا شریک نہیں۔
د۔ حضرت محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے	آخری رسول ہیں۔
ہ۔ کائنات کی ہر شے	اللہ تعالیٰ کے حکم کی پابند ہے۔
و۔ توحید کا مطلب	اللہ تعالیٰ کو ایک جاننا اور ماننا ہے
ز۔ عقیدہ توحید	ایمان کی بنیاد ہے۔
ح۔ اللہ تعالیٰ کی ذات	یکتا ہے۔
ط۔ حضور ﷺ جو احکامات اور ہدایات	ان پر پختہ یقین رکھنے کا نام